اسمبلی رپورٹ (مباحثات)

بارہویں اسمبلی ر پہلا اجلاس (پہلی نشست)

# بلوچستان صوبائی اسمبلی

اجلاس منعقدہ 28رفروری 2024ء بمطابق 17رشعبان المعظم 1445 ہجری بروز بدھ۔



| نمبر شمار | مندرجات | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| 1 | تلاوت قرآن پاک اور ترجمہ۔ | 03 |
| 2 | فاتحہ خوانی۔ | 04 |
| 3 | پینل آف چیئر پرسنز کا اعلان۔ | 05 |
| 4 | نومنتخب اراکین اسمبلی کی حلف برداری۔ | 05 |

## ایوان کے عہدیدار

پریزائیڈنگ آفیسر۔۔۔۔۔انجینئر زمرک خان اچکزئی

## ایوان کے افسران

سیکرٹری اسمبلی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب طاہر شاہ کاکڑ

اسپیشل سیکرٹری (قانون سازی)۔۔۔جناب عبدالرحمٰن

چیف رپورٹر۔۔۔۔۔۔۔۔۔جناب مقبول احمد شاہوانی

☆☆☆

# بلوچستان صوبائی اسمبلی کا اجلاس

**جناب طاہر شاہ کاکڑ (سیکرٹری اسمبلی):** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ آپ جمیع معزز نومنتخب اراکین اسمبلی کو کہ اسپیکر بلوچستان صوبائی اسمبلی میر جان محمد خان جمالی صاحب کی طبیعت خراب ہے جس کی بناوہ اسمبلی اجلاس کی صدارت کرنے سے قاصر ہیں ۔لہذا گورنر بلوچستان نے قواعد انضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974 کے قاعدہ (2)8 کے تحت انجینئر زمرک خان اچکزئی صاحب منتخب رکن اسمبلی حلقہ PB50 قلعہ عبداللہ کو اسمبلی کے اجلاس کے لیے پریزائیڈنگ آفیسر نامزد کیا ہے۔شکریہ۔

مورخہ 28/فروری 2024ء بمطابق ۱۷/شعبان المعظم ۱۴۴۵ھ بروز بدھ،
بوقت سہ پہر 03 بجکر 40 منٹ پر زیر صدارت انجینئر زمرک خان اچکزئی، پریزائیڈنگ آفیسر،
بلوچستان صوبائی اسمبلی ہال کوئٹہ میں منعقد ہوا۔

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر:** السلام علیکم ! کارروائی کا آغاز باقاعدہ تلاوت قرآن پاک سے کیا جاتا ہے۔

تلاوت قرآن پاک وترجمہ **از** حافظ محمد شعیب آخوندزادہ

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ؕ

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقٰتِهٖ وَلَا تَمُوۡتُنَّ اِلَّا وَاَنۡتُمۡ مُّسۡلِمُوۡنَ ﴿۱۰۲﴾ وَاعۡتَصِمُوۡا بِحَبۡلِ اللّٰهِ جَمِيۡعًا وَّلَا تَفَرَّقُوۡا ۖ وَاذۡكُرُوۡا نِعۡمَتَ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ اِذۡ كُنۡتُمۡ اَعۡدَآءً فَاَلَّفَ بَيۡنَ قُلُوۡبِكُمۡ فَاَصۡبَحۡتُمۡ بِنِعۡمَتِهٖۤ اِخۡوَانًا ۚ وَكُنۡتُمۡ عَلٰى شَفَا حُفۡرَةٍ مِّنَ النَّارِ فَاَنۡقَذَكُمۡ مِّنۡهَا ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمۡ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُوۡنَ ﴿۱۰۳﴾

پارہ نمبر ۴ سُوۡرَةُ اٰل عمران آیات نمبر ۱۰۲ اور ۱۰۳

**ترجمہ:** اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے جیسا چاہیے اس سے ڈرنا اور نہ مریو مگر مسلمان ۔اور مضبوط پکڑو رسی اللہ کی سب مل کر اور پھوٹ نہ ڈالو، اور یاد کرو احسان اللہ کا اپنے اوپر جب کہ تھے تم آپس میں دشمن پھر الفت دی تمہارے دلوں میں اب ہو گئے اس کے فضل سے بھائی، اور تم تھے کنارے پر ایک آگ کے گڑھے کے پھر تم کو اس سے نجات دی، اسی طرح کھولتا ہے اللہ تم پر آیتیں تا کہ تم راہ پاؤ۔ وَمَا عَلَيۡنَا اِلَّا الۡبَلَاغ ۔

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر:** جزاک اللہ۔ بِسمِ اللہِ الرَّحمٰن الرَّحیم۔ معزز نومنتخب اراکین اسمبلی! السلام علیکم۔ مَیں اپنی اوراسمبلی سیکرٹریٹ کے تمام۔۔۔

**میر اسد اللہ بلوچ:** point of order

**جناب پریزائیدنگ آفیسر:** سر! پہلے مجھے حلف لینے دیں، بعد میں آپ کو موقع دیں گے۔

**میر اسد اللہ بلوچ:** جناب! آپ بعد میں حلف لیں یہ بہت ہی اہم نوعیت کا معاملہ ہے مَیں آپ کی توجہ ایک اہم نقطے کی طرف لانا چاہتا ہوں۔ الیکشن کے same day جو اِس ملک میں جمہوریت کا نام لیا جاتا ہے، same day دو معصوم ہمارے اچھے خاندان کے لوگ تھے، الیکشن کے ووٹ کے لیے آئے تھے، اُن کو شہید کیا گیا۔ الیکشن کے دوسرے دن ڈاکٹر فقیر کے گھر پر حملہ ہوا۔ وہاں بھی ایک عورت کی فوتگی ہوئی۔ اس حوالے سے request ہے کہ فاتحہ کی جائے، مہربانی ہوگی۔

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر:** اسمیں مَیں آپ کو بتا دوں کہ قلعہ سیف اللہ میں بھی اور برشور میں بھی اسفندیار خان صاحب۔۔۔

**جناب اسفندیار خان کاکڑ:** جناب پریزائیڈنگ آفیسر صاحب! جیسے کہ اسد صاحب نے بات کی۔ میرے حلقے میں الیکشن سے ایک دن پہلے دھماکہ ہوا، جس میں 20 لوگ شہید ہوئے۔ اور اُس کے ساتھ ساتھ زخمیوں کی تعداد 28 سے 30 تک تھی جو کہ ابھی بھی زیرِ علاج ہیں۔ جو فوت ہوئے ہیں اُن کے لیے فاتحہ اور زخمیوں کے لیے اگر گورنمنٹ جو بھی کر سکتی ہے وہ زخمیوں کے لیے، عیادت کے لیے، ابھی تک تھوڑا بہت ہوا ہے لیکن مزید اگر اِن کو compensation اگر مل جائے۔ بہت شکریہ جی۔

**سردار عبدالرحمٰن کھیتران:** ہمارے ایم پی اے اصغر علی ترین صاحب کی والدہ فوت ہوگئی ہیں اُنکے لیے فاتحہ خوانی ہو۔

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر:** جی حاجی نور اللہ صاحب۔

**حاجی نور اللہ:** ابھی الیکشن کے دوران 13 بندے شہید ہوئے بم دھماکے میں، اُن کے لیے تعزیت ہونی چاہیے۔

**پرنس آغا عمر جان احمد زئی:** جناب! مچھ میں بھی لوگ شہید ہوئے اُنکے لیے بھی دعائے مغفرت کی جائے۔

**میر شعیب احمد نوشیروانی:** سر! آپ سے گزارش ہے کہ خاران میں بھی پولنگ والے دن جو ہمارے لیویز اہلکار شہید تو میرے خیال میں سب کے لیے اجتماعی دعا کی جائے۔

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر:** اجتماعی طور پر جتنے بھی الیکشن کے دوران یا الیکشن سے پہلے بھی جو شہید ہوئے ہیں دھماکے میں، اُسمیں ہمارے عوامی نیشنل پارٹی کا ایک رکن ظہور بھی شہید ہوا تھا اِن سب کے لیے فاتحہ خوانی کی جائے۔

(فاتحہ خوانی کی گئی)

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر:** بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔معزز نو منتخب اراکین! اسمبلی السلام علیکم۔ مَیں اپنی اور اسمبلی سیکرٹریٹ کے تمام آفیسران واہلکاران کی جانب سے آپ تمام اراکین کواس ایوان کا رکن منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔اس ایوان میں خوش آمدید کہتا ہوں۔اور یہ امید کرتا ہوں کہ صوبہ بلوچستان کے عوام نے ہم پر جو اعتماد کیا ہے ہم اس پر پورا اُترنے کی ہر ممکن کوشش کریں گے اور ہم سب نے مل کر صوبے کی ترقی کے لیے دن رات کام کرنا ہوگا۔اور میں یہ بھی امید کرتا ہوں کہ آنے والی صوبائی حکومت صوبے میں امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے کے لئے خاطرخواہ اقدامات اٹھائے گی۔نومنتخب اراکین اسمبلی، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آئین کے آرٹیکل 65 جسے آرٹیکل 127 کے ساتھ پڑھا جائے اور قواعدوانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 5 کے تحت آئین کے گوشوارہ سوم میں مندرج عبارت کے مطابق آج صرف اپنی رکنیت کا حلف اٹھائیں گے۔حلف اجتماعی طور پر ہوگا۔حلف نامے آپ تمام معزز اراکین کے سامنے میز پر رکھ دیئے گئے ہیں۔حلف نامہ میں خالی جگہ پر آپ اپنا نام درج اور آخر میں اپنے دستخط ثبت فرمائیں۔حلف اٹھانے کے بعد تمام اراکین اسمبلی دستخط شدہ حلف نامہ اسمبلی عملہ کے حوالے کریں۔طریقہ کار کے مطابق میں اب حلف نامہ پڑھوں گا۔آپ تمام معزز اراکین اپنی اپنی نشستوں پر کھڑے ہوکر میری تقلید کریں گے۔تاہم حلف نامہ کی خالی جگہ میں آپ اپنا اپنا نام لیں گے۔

(اس مرحلہ پر نومنتخب اراکین، بلوچستان صوبائی اسمبلی نے بحیثیت مجموعی اپنی رکنیت کا حلف اُٹھایا)

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر:** میں ایک بار پھر آپ تمام معزز اراکین اسمبلی کو باقاعدہ طور پر رکن بلوچستان صوبائی اسمبلی منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ میں قواعدوانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 13 کے تحت رواں اجلاس کے لئے ذیل اراکین اسمبلی کو **پینل آف چیئر پرسنز** کے لئے نامزد کرتا ہوں:

1۔سلیم احمد کھوسہ صاحب 2۔اصغر ترین صاحب

3۔سلمہ بی بی صاحبہ 4۔عبدالصمد گورگیج صاحب

معزز نومنتخب اراکین بلوچستان صوبائی اسمبلی کی سہولت کی خاطر قواعدوانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی کی اُردو وانگلش اور آئین پاکستان کی اُردو وانگلش کی کاپیاں اسمبلی سیکرٹریٹ کی جانب سے فراہم کردہ بیگز میں رکھ دی گئی ہیں تاکہ آپ معزز اراکین اسمبلی اِس سے استفادہ حاصل کرسکیں۔اِس کے علاوہ آپ معزز اراکین کے سامنے ٹیبل پر کوائف برائے ممبر صوبائی اسمبلی کے فارمز رکھ دیئے گئے ہیں آپ سے گزارش ہے کہ یہ فارمز (Fill) کر کے سیکرٹری اسمبلی کے دفتر میں جلد سے جلد جمع کرائیں تاکہ آپ کی ماہانہ تنخواہ، ٹی اے۔ڈی اے، اکاؤنٹس برانچ، قانون سازی برانچ، ریسرچ برانچ اور اسمبلی

سیکرٹریٹ کے ویب سائٹ پر آپکا ریکارڈ فوری طور پر مرتب کیا جاسکے۔مزید برآں اگر آپ کو اسمبلی سیکرٹریٹ سے متعلق کسی بھی قسم کی کوئی معلومات درکار ہوں تو سیکرٹری اسمبلی کے دفتر سے رجوع فرمائیں۔اب سیکرٹری اسمبلی انتخابی حلقہ وار الیکشن کمیشن آف پاکستان کی جانب سے اعلان شدہ معزز اراکین اسمبلی کے نام پکاریں گے اور آپ باری باری سیکرٹری اسمبلی کے بائیں جانب رکھے گئے حلف نامہ رجسٹر پر اپنے اپنے دستخط ثبت فرمائیں گے۔

**جناب طاہر شاہ کاکڑ (سیکرٹری اسمبلی):** بسم اللہ الرَّحمٰن الرَّحیم۔

ڈاکٹر محمد نواز کبزئی صاحب

جناب فضل قادر مندوخیل صاحب

مولانا نوراللہ صاحب

سردار عبدالرحمٰن کھیتران صاحب

جناب محمد خان طوراوتمانخیل صاحب

سردار مسعود علی خان لونی صاحب

سردار سرفراز چاکر ڈومکی صاحب

نواب جنگیز خان مری صاحب

میر سرفراز احمد بگٹی صاحب

نوابزادہ طارق خان مگسی صاحب

میر محمد عاصم کرد گیلو صاحب

میر محمد صادق عمرانی صاحب

میر سلیم احمد کھوسہ صاحب

جناب عبدالمجید صاحب

میر فیصل خان جمالی صاحب

نواب ثناء اللہ خان زہری صاحب

میر یونس عزیز زہری صاحب

جناب خیر جان صاحب

مولانا ہدایت اللہ بلوچ صاحب

میر ظہور احمد بلیدی صاحب

ڈاکٹر عبدالمالک صاحب

میر برکت علی صاحب

میر محمد اصغر رند صاحب

میر اسداللہ بلوچ صاحب

جناب رحمت علی بلوچ صاحب

میر زابد علی ریکی صاحب

میر شعیب نوشیروانی صاحب

میر غلام دستگیر بادینی صاحب

میر ضیاءاللہ لانگو صاحب

نواب محمد اسلم خان رئیسانی صاحب

ملک نعیم خان بازئی صاحب

جناب بخت محمد کاکڑ صاحب

میر عبدالصمد خان گورگیج صاحب

جناب ولی محمد نورزئی صاحب

جناب زرک خان مندوخیل صاحب

میر لیاقت علی لہڑی صاحب

میر عبیداللہ گورگیج صاحب

میر علی مدد جتک صاحب

پرنس احمد عمر احمدزئی صاحب

جناب اسفندیار خان کاکڑ صاحب

جناب اصغر علی ترین صاحب

سید ظفر علی آغا صاحب

انجینئر زمرک خان اچکزئی صاحب

کیپٹن (ریٹائرڈ) عبدالخالق خان اچکزئی صاحب

محترمہ فرح عظیم شاہ صاحبہ

محترمہ غزالہ گولہ بیگم صاحبہ

محترمہ مینہ مجید بلوچ صاحبہ

محترمہ شہناز عمرانی صاحبہ

محترمہ راحیلہ حمید خان درانی صاحبہ

محترمہ ہادیہ نواز صاحبہ

ڈاکٹر رُبابہ خان بلیدی صاحبہ

محترمہ شاہدہ رؤف صاحبہ

محترمہ صفیہ صاحبہ

محترمہ سلمہ بی بی صاحبہ

محترمہ اُمّ کلثوم صاحبہ

جناب سنجے کمار صاحب

جناب پیٹرک سینٹ مسیح صاحب

جناب رَوِی پہونجہ صاحب

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر:** کل بروزِ جمعرات مورخہ 29 فروری 2024ء کو بوقتِ 3:00 بجے سہ پہر اسمبلی کی نشست میں بہ قواعد انضباط کار، بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 8 اور 9 کے تحت اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کا انتخاب بذریعہ خفیہ رائے شماری عمل میں لایا جائے گا۔ قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر (3)8 کے تحت انتخاب کے مقررہ دن یعنی 29 فروری کو کوئی بھی رکن قبل از دوپہر یعنی 12:00 بجے سے قبل کسی بھی وقت کسی دوسرے رکن کا نام اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے انتخاب کے لئے تجویز کر سکتے ہیں۔ اور اس کے لئے وہ کاغذاتِ نامزدگی پر اپنے دستخط ثبت کر کے سیکرٹری اسمبلی کے حوالے کریں گے۔ نیز وہ اِس کے ہمراہ جس رکن کا نام اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے انتخاب کے لئے تجویز کیا گیا ہو اِسکی جانب سے یہ بیان بھی شامل کریں گے کہ وہ منتخب ہو جانے کی صورت میں بحیثیت اسپیکر کام کرنے پر رضامند ہیں۔ مزید برآں قاعدہ 8 اور 9 کے تحت اسمبلی کی طرف سے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے انتخاب کے لئے کارروائی شروع کیئے جانے سے قبل کسی بھی وقت کوئی نامزد رکن تحریری طور پر وہ امیدواری

سے دستبردار ہوسکتا ہے جس کے بعد کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال دوپہر ایک بجے اور ڈپٹی اسپیکر کے کاغذات نامزدگی دوپہر 01 بجکر 20 منٹ بجے ہوگی۔ جانچ پڑتال کے بعد اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے امیدواروں کا حتمی اعلان ہوگا اور منظور کردہ ناموں کی فہرست اسمبلی سیکرٹریٹ کے نوٹس بورڈ پر آویزاں کر دیئے جائیں گے۔ واضح رہے کہ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے عہدوں کے لئے انتخاب میں حصہ لینے کے خواہشمند اراکین اسمبلی کاغذات نامزدگی سیکرٹری اسمبلی سے حاصل کریں۔ چونکہ اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کا انتخاب آئین کے آرٹیکل 108 جسے قواعد وانضباط کار بلوچستان صوبائی اسمبلی مجریہ 1974ء کے قاعدہ نمبر 8 اور 9 کے ساتھ پڑھا جائے گا، کے تحت بذریعہ خفیہ رائے شماری عمل میں لایا جائے گا۔ اِس بابت مکمل طریقہ کار آپ سب معزز اراکین اسمبلی کے سامنے ٹیبل پر رکھ دیا گیا ہے۔

**جناب پریزائیڈنگ آفیسر:** اب چونکہ حلف برداری کا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے لہٰذا اسمبلی کا اجلاس برائے انتخاب اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کل بروزِ جمعرات مورخہ 29 فروری 2024ء بوقت سہ پہر تین بجے تک ملتوی کیا جاتا ہے۔

(اسمبلی کا اجلاس شام 04 بجکر 18 منٹ پر اختتام پذیر ہوا)

☆☆☆